ماڈل پیپر "ایجوکیشن"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

وقت: 20 منٹ　　حصہ معروضی　　کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) ملک کی صنعتی ترقی کے لئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

(A) سائنس کی تعلیم　(B) انجینئرنگ کی تعلیم　(C) بزنس اور کامرس کی تعلیم　(D) مذہبی تعلیم

(ii) ابتدائی تعلیم کا دورانیہ ہے۔

(A) چھ سال　(B) سات سال　(C) آٹھ سال　(D) نو سال

(iii) پاکستان میں تعلیم کے مدارج ہیں۔

(A) دو　(B) تین　(C) چار　(D) پانچ

(iv) پاکستان میں پہلی تعلیمی کانفرنس منعقد ہوئی۔

(A) 1947ء　(B) 1948ء　(C) 1949ء　(D) 1950ء

(v) مدرسے کے پیش نظر دو بنیادی چیزیں ہوتی ہیں؟

(A) علم میں اضافہ اور بچوں کا امتحان　(B) طلبہ کی ہمہ جہت ترقی اور پیشہ کا انتخاب

(C) طلبہ کی ہمہ پہلو ترقی اور معاشرے کی اجتماعی ضروریات کی تکمیل　(D) کھیلوں کا بندوبست اور ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد

(vi) ٹیکسٹ بک بورڈ کا کام ہے

(A) نصاب سازی　(B) نصاب کا جائزہ لینا　(C) نصاب کا ڈرافٹ منظور کرانا　(D) نصابی کتب کی تیاری

(vii) نصاب سازی کے عمل میں سب سے پہلا کام ہے۔

(A) نفس مضمون کا انتخاب　(B) مضمون کا انتخاب　(C) طلبہ کی صلاحیتوں کا جائزہ لینا　(D) مقاصد کا تعین

(viii) وہ سرگرمیاں جو نصاب کی مقررہ حدود کے اندر رہتے ہوئے انجام دی جائیں۔ کہلاتی ہیں

(A) ہم نصابی سرگرمیاں　(B) غیر نصابی سرگرمیاں　(C) تدریسی سرگرمیاں　(D) نصابی سرگرمیاں

(ix) بچوں کی تحریری صلاحیتوں کو جلا بخشنے کے لئے کون سی سرگرمی مناسب ہوگی؟

(A) بزم ادب میں شرکت　(B) تقریری مقابلے میں شرکت　(C) مضمون نویسی میں شرکت　(D) تعلیمی سفر میں شرکت

(x) وہ کھیل جو ٹیم کی صورت میں کھیلے جائیں مثلاً فٹ بال طلبہ میں کس قسم کے اوصاف پیدا کرنے کا سبب ہوتے ہیں۔

(A) بہترین ذاتی کارکردگی　(B) دوستی کا جذبہ　(C) نظم وضبط اور اصولوں کی پابندی　(D) ہمدردی

(xi) رہنمائی کے لغوی معانی ہیں۔

(A) آگے آگے چلنا　(B) راستہ دکھانا　(C) تلاش کرنا　(D) واپس آنا

(xii) ایک ایسا عمل جس میں کسی فرد کو اس کی الجھن سلجھانے میں مدد دی جائے اور بالمشافہ گفتگو بھی شامل ہو کہلاتا ہے۔

(A) رہنمائی　(B) مشاورت　(C) نشان دہی　(D) اشارہ دینا

(xiii) مشار سے مراد وہ فرد ہے جو

(A) مشورہ دیتا ہے　(B) مشکلات کا شکار　(C) مشورہ حاصل کرتا ہے　(D) فنی مہارت فراہم کرتا ہے۔

(xiv) بچہ بہتر معاشرتی تعلقات سیکھتا ہے۔

(A) گھر سے　(B) محلہ سے　(C) سکول سے　(D) گلی سے

(xv) شفقت اور ہمدردی سے محروم امیر گھرانوں کے بچے برے افعال کرنے میں تلاش کرتے ہیں۔

(A) تسکین　(B) شغل　(C) ساتھی　(D) کھیل

Result.PK

ماڈل پیپر "ایجوکیشن"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

حصہ انشائی

وقت:2:10 گھنٹے

کل نمبر:60

(حصہ اول PART-I)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) قومی تعلیمی پالیسی 2010-1998ء کے دو مقاصد بیان کریں۔

(ii) پاکستان میں زراعت کی تعلیم پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iii) دینی مدارس کی تعلیم پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(iv) تعلیم کے مدارج تحریر کریں۔

(v) نصاب کے اجزاء کے نام لکھیے۔

(vi) ٹیکسٹ بک بورڈ کا بنیادی کام کیا ہے؟

(vii) تعلیمی مقاصد کا تعین کون کرتا ہے؟

(viii) مدرسے کے پیش نظر کونسی دو بنیادی باتیں ہوتی ہیں؟

(ix) ہم نصابی سرگرمی کسے کہتے ہیں؟

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) نصابی سرگرمیوں میں شامل تین سرگرمیوں کے نام لکھیں۔

(ii) فارغ اوقات سے کیا مراد ہے؟

(iii) تعلیم کے جدید مفہوم کے مطابق معلم کے فرائض کیا ہیں؟

(iv) رہنمائی فرد کو کس قابل بناتی ہے؟

(v) طلبہ کو پیش آنے والے مسائل تحریر کریں۔

(vi) تعلیمی و تدریسی مسائل کی دو مثالیں بیان کریں۔

(vii) بعض بچوں میں کچھ لوگوں کے بارے میں منفی رویہ کیوں کر پیدا ہوتا ہے؟

(viii) عام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(ix) پیشہ ورانہ تعلیم کے چار شعبوں کے نام لکھیں۔

4- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) بانی پاکستان قائداعظم نے پاکستان کی پہلی تعلیمی کانفرنس کے نام کیا پیغام دیا؟

(ii) کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت لکھیے۔

(iii) مشاورت کی تعریف بیان کریں۔

(iv) تدریسی حکمت عملی سے کیا مراد ہے؟

(v) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے ذمہ کیا کام ہے؟

(vi) بوائے سکاؤٹ یا گرل گائیڈ بن کر بچے میں کیسی صلاحیتیں اجاگر ہوتی ہیں؟

(vii) نصاب کا مفہوم بیان کریں۔

(viii) سیکرٹری ایجوکیشن کا نصاب کی تیاری میں کیا کردار ہے؟

(ix) رہنمائی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

Result.pk

(PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-5	تعلیم کی اقسام بیان کریں اور ہر ایک تفصیل سے لکھیں۔	8
-6	تعلیم کے مدارج تفصیلاً بیان کریں۔	8
-7	نصاب بنانے میں مقاصد تعلیم کیا اہم کردار ادا کرتے ہیں؟	8
-8	ہم نصابی سرگرمیوں کے انتظام کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟ واضح کیجئے۔	8
-9	پیشہ وارانہ مسائل کے حل کے لیے معلم یا مدرسہ کیا رہنمائی کر سکتا ہے؟ بیان کیجئے۔	8

Result.PK